# رحم بند کو کیسے استعمال کیا جائے

رحم بند
ریکٹل سپوزٹریز
ادوِیاتی ماؤتھ واش

Drug Office
Department of Health

## ممکنہ ضمنی اثرات

رحم بند داخل کرنے کے فورا بعد ہی، آپ کو ہلکی جلن یا اندام نہانی کی سوزش جیسے ہلکے ضمنی اثرات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

فوراً اپنے ڈاکٹر سے رُجوع کریں اگر آپ کو الرجی کا کوئی سامنا ہو جیسے جِلد کی خارش، چہرے یا ہاتھوں میں سوجن اور سانس لینے میں دُشواری محسوس ہو۔

## سٹوریج

ادوِیات کسی ٹھنڈی، خُشک جگہ پر رکھیں اور براہ راست گرمی اور روشنی سے دُور رکھیں۔ عام طور پر، ریفریجریٹر میں محفوظ کرنے کی ضرورت نہیں جب تک ادوِیات کے لیبل پر بیان نہ کیا جائے۔

دواؤں کو بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں تاکہ ان کی حادثاتی طور پر غذا خوری سے بچا جا سکے۔

یہ معلُوماتی کتابچہ محض حوالہ کے لِیے ہے۔
ڈاکٹروں اور فارمسسٹ کی ہِدایت کے مُطابق ادوِیات کا اِستعمال کیا جانا چاہیے۔
تفتیش کے لیے، براہِ مہربانی اپنے ڈاکٹر، ڈِسپنسری عملہ یا دِیگر صحت سے مُتعلق پیشہ ور افراد سے رابطہ کریں۔
اپنی ادوِیات کی دُوسروں کے ساتھ شراکت نہ کریں۔

## نکات برائے استعمال

- ایک بار داخل کرنے کے بعد، رحم بند اندام نہانی میں پگھل جائے گا اور باہر نکل سکتا ہے۔ بستر پر جانے سے قبل اسے استعمال کرنا بہترین ہے۔
- علاج شروع کرنے کے کچھ دن بعد علامات ختم ہو سکتی ہیں۔ اس وقت تک ادوِیات کو جاری رکھنا ضروری ہے جب تک کہ علاج کا پورا کورس مکمل نہ ہوجائے۔




- حیض کے دوران دوائیوں کا استعمال بند نہ کریں۔
- کچھ رحم بند کنڈوم اور پردہ شکم کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ براہ مہربانی پراڈکٹس کی انفرادی ہدایات سے رجوع کریں۔

# رحم بند
# کو کیسے استعمال کیا جائے

1 اپنے ہاتھوں کو صابن سے اچھی طرح دھوئیں اور اوڑھنی ہٹا دیں۔

2 ایپلیکیٹر پلنجر کو باہر کھینچیں اور رحم بند کو ایپلیکٹیر میں رکھ دیں۔



3 اپنے مڑے ہوئے گھٹنوں کے ساتھ بستر پر لیٹ جائیں تاکہ رحم بند داخل کرنے میں آسانی ہو۔



4 احتیاط سے ایپلیکٹر کو اندام نہانی میں داخل کریں جہاں تک یہ آرام سے چلا جائے۔

5 آہستہ آہستہ پلنجر کو دبائیں یہاں تک کہ یہ رک جائے تاکہ رحم بند اندام نہانی میں داخل ہوجائے۔ پھر ایپلیکٹر کو نکال دیں۔

6 پلنجر کو ایپلیکٹر سے باہر کھینچ لیں۔ پلنجر او ایپلیکیٹر دونوں کو پانی اور صابن سے صاف کر لیں، پھر کھنگالیں اور خشک کر لیں۔ دونوں اجزاء کو ایک ساتھ واپس رکھیں اور انہیں صاف، خشک جگہ پر محفوظ کیا جائے۔

! اگر آپ حاملہ ہیں تو، ایپلیکٹر استعمال نہ کریں۔ رحم بند داخل کرنے کے لیے انگلیاں استعمال کریں۔ اگر ضرورت ہو تو پہلے فنگر کاٹ یا قابل تلفی دستانے پہن لیں۔